## ایم کیوایم کے قائدالطاف حسین کی سی سی پی اوکراچی وسیم احمد سے ٹیلیفون پر گفتگو، طالبان کے دہشت گردوں کی گرفتاری پر سی سی پی اوکراچی وسیم احمد، آئی جی سندھ بابر خٹک اور پولیس کے تمام افسران واہلکاروں کوزبردست خراج تحسین

## پولیس نے خودکش حملوں اوردہشت گردی کی منصوبہ بندی کرنے والے دہشت گردوں کواسلحہ اورگولہ بارودسمیت گرفتارکرکے کراچی کوبہت بڑی تباہی سے بچالیا۔الطاف حسین

## کراچی کودہشت گردی اورتباہی سے بچانے پر پولیس کوخصوصی انعامات اوراعزازات سے نوازاجائے، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی مشیرداخلہ رحمٰن ملک، گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباد، وزیراعلیٰ سندھ قائم علی شاہ اورصوبائی وزیرداخلہ ذوالفقارمرزاسے مطالبہ

لندن۔۔۔8 اپریل 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کراچی میں القاعدہ اورطالبان کے دہشت گردوں کی گرفتاری پرسی سی پی اوکراچی وسیم احمدکوفون کرکے انہیں، آئی جی سندھ صلاح الدین بابر خٹک اور پولیس کے تمام افسران واہلکاروں کوزبردست خراج تحسین پیش کیا۔سی سی پی او کراچی وسیم احمد سے گفتگوکرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہا کہ پولیس نے کراچی میں خودکش حملوں اوردہشت گردی کی منصوبہ بندی کرنے والے دہشت گردوں کواسلحہ اورگولہ بارودسمیت گرفتارکرکے کراچی کوبہت بڑی تباہی سے بچالیاہے جس پر میں اپنی اوراپنی پوری پارٹی کی جانب سے پولیس پارٹی کوسیلوٹ پیش کرتاہوں۔جناب الطاف حسین نے دہشت گردوں کی گرفتاری پرآئی جی سندھ بابرخٹک، سی سی پی اوکراچی وسیم احمداورتمام پولیس افسران اوراہلکاروں کومبارکباد پیش کی۔انہوں نے وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی مشیرداخلہ رحمٰن ملک، گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباد، وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ اورصوبائی وزیرداخلہ ذوالفقارمرزاسے مطالبہ کیا کہ کراچی کوایک بڑی دہشت گردی اورتباہی سے بچانے پر کراچی پولیس کوخصوصی انعامات اوراعزازات سے نوازاجائے۔سی سی پی اوکراچی وسیم احمد نے جناب الطاف حسین کوبتایا کہ دہشت گردوں نے گزشتہ 15 دن میں چارپولیس اہلکارشہید کردیئےلیکن کراچی پولیس دہشت گردوں کے آگے ہتھیارنہیں ڈالے گی اورشہر کے امن اوردہشت گردی پرقابوپانے کیلئے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کرے گی۔جناب الطاف حسین نے دہشت گردوں کی گرفتاری اورجرات وہمت کے مظاہرے پرسی سی پی اوکراچی وسیم احمدکوبھی زبردست خراج تحسین پیش کیا۔

## سانحہ سوات: ایم کیوایم کے تحت امریکہ کے مختلف شہروں میں احتجاجی مظاہرے

## احتجاجی مظاہرے نیویارک، لاس انجلس، شکاگو، ہیوسٹن، ڈیلاس، اٹلانٹااورواشنگٹن میں منعقد کئے گئے

## احتجاجی مظاہروں میں ایم کیوایم کے کارکنان اورعوام کی بڑی تعداد میں شرکت

نیویارک۔۔۔8، اپریل 2009ء۔۔۔ایم کیوایم اووریسزامریکہ یونٹ کے زیرِاہتمام امریکہ کے تمام بڑے شہروں میں سوات میں طالبان کی جانب سے معصوم لڑکی کوسرعام کوڑے مارنے کے خلاف احتجاجی مظاہرے منعقد کیے گئے۔یہ احتجاجی مظاہرے نیویارک، لاس اینجلس، شکاگو، ہیوسٹن، ڈیلاس، اٹلانٹااورواشنگٹن میں منعقد ہوئے جن میں خواتین، بچوں، نوجوانوں اوربزرگوں نے بڑی تعداد نے شرکت کی۔ایم کیوایم یوایس اے نے 15 گھنٹے کے مختصرنوٹس میں احتجاجی مظاہرے منعقد کئے۔احتجاجی مظاہروں کے دوران شرکاء نے اپنے ہاتھوں میں پلے کارڈ اٹھارکھے تھے جن پر مذہبی انتہاپسندی، طالبانائزیشن، فرقہ پرستی اورخواتین پرتشدد کے خلاف مذمتی کلمات اورنعرے درج تھے جبکہ احتجاجی مظاہروں کے شرکاء نے طالبانائزیشن اورمذہبی انتہاء پسندی کے خلاف فلک شگاف بھی لگائے۔احتجاجی مظاہروں سے ایم کیوایم کے ذمہ داران نے خطاب کرتے ہوئے سوات میں پیش آنے والے انسانیت سوز واقعہ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی۔انہوں نے کہا کہ اسلام کے نام پردہشت گردی، مذہبی انتہاء پسندی اورمعصوم لڑکی کوسرعام بے حرمت کرنا اسلامی تعلیمات کی صریحاً خلاف ورزی ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین نے ہمیشہ مذہبی انتہاپسندی اورطالبانائزیشن کے خلاف آوازبلندکی ہے اورایم کیوایم کے کارکنان مذہبی انتہاء پسندی اور طالبانائزیشن کوکسی بھی قیمت پرقبول نہیں کریں گے۔مظاہروں کے اختتام پرشرکاء نے مختلف اخباری نمائندوں اورانسانی حقوق کی تنظیموں کے دفاترپرجاکرسوات میں پیش آنے والے واقعہ کے خلاف قرارداد مذمت بھی پیش کی۔

## سوات میں لڑکی کو سرعام کوڑے مارنے کے خلاف احتجاجی مظاہروں کے انعقاد پر
## ایم کیوایم امریکہ کو الطاف حسین کا خراج تحسین

لندن۔۔۔8، اپریل 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے سوات میں 16 سالہ معصوم لڑکی کو سرعام کوڑے مارنے کے خلاف ایم کیوایم کے تحت ’’پرامن یوم مذمت‘‘ کے سلسلے میں امریکہ میں پرامن احتجاجی مظاہرے منعقد کرنے پر ایم کیوایم امریکہ یونٹ کے ذمہ داران، کارکنان اور امریکہ میں مقیم پاکستانیوں کو زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ پاکستان کی طرح امریکہ کے مختلف شہروں میں بھی سوات میں معصوم لڑکی پر ہونے والے ظلم کے خلاف پرامن احتجاج اس بات کا ثبوت ہے کہ دنیا بھر میں مقیم پاکستانیوں کی اکثریت مذہبی انتہاء پسندی کے خلاف ہے اور سوات میں معصوم لڑکی کے ساتھ پیش آنے والے المناک واقعہ کے خلاف سراپا احتجاج ہے۔جناب الطاف حسین نے امریکہ میں احتجاجی مظاہروں کے انعقاد پر ایم کیوایم امریکہ کے تمام ذمہ داران، کارکنان اور حق پرست پاکستانیوں کو دل کی گہرائی سے زبردست خراج تحسین پیش کیا۔

## ایم کیوایم کے سابق رکن سندھ اسمبلی عاصم کبیر کی بازیابی پر انہیں اور انکے اہل خانہ کو الطاف حسین کی مبارکباد
## عاصم کبیر کی بازیابی کے سلسلے میں کوششیں کرنے پر وفاقی مشیر داخلہ رحمٰن ملک، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد، وزیراعلیٰ قائم علی شاہ، صوبائی وزیرداخلہ ذوالفقار مرزا اور پولیس اور لاءانفورسمنٹ ایجنسیز کے افسران واہلکاروں کو زبردست خراج تحسین
## عاصم کبیر کی بازیابی کے سلسلے میں بھرپور تعاون کرنے پر نواب شبیر چانڈیو اور رکن قومی اسمبلی محترمہ فریال تالپور سے اظہار تشکر
## عاصم کبیر کی بازیابی کے سلسلے میں رات دن کوششیں کرنے پر نوابشاہ کے حق پرست تعلقہ ناظم عبدالرؤف خان، ایم کیوایم کے رکن قومی اسمبلی ڈاکٹر ایوب شیخ اور ایم کیوایم نوابشاہ کے زونل انچارج اور زونل کمیٹی کے ارکان کو الطاف حسین کی شاباش

لندن۔۔۔8 اپریل 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کے سابق رکن سندھ اسمبلی عاصم کبیر کی بازیابی پر انہیں اور ان کے اہل خانہ کو مبارکباد پیش کی ہے۔اپنے بیان میں جناب الطاف حسین نے عاصم کبیر کی بازیابی کے سلسلے میں کوششیں کرنے پر وفاقی مشیر داخلہ رحمٰن ملک، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد، وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ، صوبائی وزیرداخلہ ذوالفقار مرزا اور پولیس اور لاءانفورسمنٹ ایجنسیز کے افسران واہلکاروں کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ جناب الطاف حسین نے عاصم کبیر کی بازیابی کے سلسلے میں بھرپور تعاون کرنے پر نواب شبیر چانڈیو اور نوابشاہ سے رکن قومی اسمبلی محترمہ فریال تالپور کا شکریہ ادا کیا۔انہوں نے عاصم کبیر کی بازیابی کے سلسلے میں رات دن کوششیں کرنے پر نوابشاہ کے حق پرست تعلقہ ناظم عبدالرؤف خان، ایم کیوایم کے رکن قومی اسمبلی ڈاکٹر ایوب شیخ اور ایم کیوایم نوابشاہ کے زونل انچارج اور زونل کمیٹی کے ارکان کو بھی شاباش پیش کی۔

## قوم کی 16 سالہ معصوم بیٹی کو سرعام کوڑے مارنے کی حمایت کرنے والے اور درندہ صفت طالبان کے گھناؤنے جرائم پر پردہ ڈالنے والے عناصر اسلام اور انسانیت کے کھلے دشمن ہیں۔سلیم شہزاد
## بعض مذہبی جماعتوں کے رہنما، بعض صحافی اور بعض کالم نگار طالبان کی درندگی اور وحشت وبربریت کی مذمت کرنے کے بجائے اس عمل کی حمایت کررہے ہیں
## جو عناصر طالبان کی درندگی کی حمایت کررہے ہیں یا اس پر پردہ ڈالنے کی کوشش کررہے ہیں وہ طالبان کے گھناؤنے جرائم اور قوم کی مظلوم بیٹی کی سرعام تذلیل اور میں برابر کے شریک ہیں
## معصوم بیٹی کو سرعام کوڑے مارنے والے درندہ صفت طالبان کو گرفتار کرکے سرعام سزادی جائے اور طالبان کی درندگی کی حمایت کرنے والوں کا بھی محاسبہ کیا جائے

لندن۔۔۔8 اپریل 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی مرکزی رابطہ کمیٹی کے رکن سلیم شہزاد نے کہاہے کہ سوات میں قوم کی 16 سالہ معصوم بیٹی پر درندہ صفت طالبان کی جانب سے سرعام کوڑے مارنے کے عمل کی حمایت کرنے والے اور درندہ صفت طالبان کے گھناؤنے جرائم پر پردہ ڈالنے والے عناصر اسلام اور انسانیت کے کھلے دشمن ہیں۔اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ سوات میں ایک 16 سالہ معصوم لڑکی پر درندہ صفت طالبان نے جس طرح سرعام کوڑے برسائے ہیں اور جس درندگی کا مظاہرہ کیا ہے اس کو دیکھ کر انسانیت بھی شرما گئی ہے۔طالبان نے یہ درندگی اسلام اور شریعت کے نام پر کی اور اس طرح پوری دنیا میں اسلام اور شریعت کو بدنام کیا گیا۔سلیم شہزاد نے کہا کہ انتہائی افسوس کی بات یہ ہے بعض مذہبی جماعتوں کے رہنما،بعض نام نہاد علماء،بعض صحافی اور بعض کالم نگار طالبان کی اس درندگی اور وحشت و بربریت کی مذمت کرنے کے بجائے ان کے عمل کی حمایت کررہے ہیں اور قوم کی بے گناہ بیٹی کو سرعام کوڑے مارنے کی وڈیو تک کو جعلی اور پرانی قرار دیکر درندہ صفت طالبان کی درندگی اور ان کے گھناؤنے جرائم پر پردہ ڈالنے کی کوشش کررہے ہیں جسکی جتنی مذمت کی جائے کم ہے۔سلیم شہزاد نے کہا کہ جو عناصر بھی طالبان کی درندگی کی حمایت کررہے ہیں یا اس پر پردہ ڈالنے کی کوشش کررہے ہیں وہ بھی طالبان کے گھناؤنے جرائم اور قوم کی مظلوم بیٹی کی سرعام تذلیل اور بربریت کے عمل میں برابر کے شریک ہیں۔سلیم شہزاد نے مزید کہا کہ طالبان کی ایسی ہی وحشت و بربریت اور سفا کانہ کارروائیوں کی وجہ سے آج پوری دنیا میں اسلام کا امیج خراب ہورہا ہے اور طالبان اور اسکی بربریت کی حمایت کرنے والے عناصر دنیا بھر میں اسلام کی بدنامی کے ذمہ دار ہیں۔سلیم شہزاد نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ قوم کی معصوم بیٹی کو سرعام کوڑے مارنے والے درندہ صفت طالبان کو گرفتار کرکے سرعام سزادی جائے اور طالبان کی درندگی کی حمایت کرنے والوں کا بھی محاسبہ کیا جائے۔

## 12 مئی پر احتجاج کرنے والے والے اسفند یار ولی پر حملے پر احتجاج کیوں نہیں کرتے ؟

## پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی متحدہ قومی موومنٹ

## پختونوں کے حقوق کے نام نہاد علمبردار صوبہ سرحد میں طالبان کے ہاتھوں پختونوں کے قتل عام پر تو خاموش ہیں لیکن کراچی میں بیٹھ کر بڑی بڑی باتیں کررہے ہیں

کراچی۔۔۔8 اپریل 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی نے اپنے ایک بیان میں کہاہے کہ 12 مئی پر احتجاج کرنے والے والے باچا خان کے مشن کولیکر چلنے والے اسفند یار ولی پر حملے پر احتجاج کیوں نہیں کرتے ؟ سوات پر حملے پر احتجاج کیوں نہیں کرتے ؟ پختونوں کے حقوق کے نام پر مال بٹورنے والے عناصر معصوم پختون عوام کو گمراہ نہ کریں۔پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین نے پختون ماں،بہن اور بیٹی کو اپنی ماں،بہن اور بیٹی کہا ہے،یہ بھی کہا ہے کہ اگر ان پر حملے ہورہے ہیں تو وہ نائن زیرو آجائیں،نائن زیرو کے دروازے ان کیلئے کھلے ہیں،میرے ساتھی ان کا تقدس برقرار رکھنے کی قسم کھاتے ہیں،اگر ان پر حملہ کرنے کی سازش کی گئی تو پہلے ہم مریں گے اس کے بعد حملہ آور ان تک پہنچ سکتے ہیں۔پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان نے کہا کہ جب اسفند یار ولی خان پر خودکش حملے کے بعد قائد تحریک الطاف حسین نے ان کیلئے بھی کہا کہ اگر صوبہ سرحد میں اسفند یار ولی کی جان محفوظ نہیں تو وہ نائن زیرو عزیز آباد آجائیں،ایم کیو ایم کے کارکنان ان کی حفاظت کریں گے لیکن پختونوں کے حقوق کے نام نہاد علمبرداروں کا عمل یہ ہے وہ صوبہ سرحد میں طالبان کی دہشت گردی اور طالبان کے ہاتھوں پختونوں کے قتل عام پر تو خاموش ہیں لیکن کراچی میں بیٹھ کر وہ بڑی بڑی باتیں کررہے ہیں۔پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان نے کہا کہ باشعور پختون عوام بھی مفاد پرست عناصر کو اچھی طرح سمجھ چکے ہیں اور اب وہ ان مفاد پرست عناصر کی باتوں میں نہیں آئیں گے۔

☆☆☆☆☆